# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 15 ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مکھیہ منتری ماجھی لاڈ کی بہن یوجنا سے ریاستی حکومت کی معیشت مستحکم ہوگی۔

☆ پرانڈہ میں خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم میں وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کا دعویٰ۔

☆ ریاست کے 434 سرکاری تربیتی اداروں میں سنویدھان مندر کا آج نائب صدر جمہوریہ کے ہاتھوں افتتاح' ریاست کے ایک ہزار کالجوں میں ''آچاریہ چانکیہ اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز'' کا افتتاح وزیرِاعظم کے ہاتھوں آئندہ جمعہ کو۔

☆ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا کے تحت وزارت اطلاعات ونشریات کی بہترین نووارد ہندوستانی فلموں کے شعبے کا اعلان۔

اور ☆ ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں پاکستان کو شکست دے کر بھارت کی فتوحات کا سلسلہ جاری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ مکھیہ منتری ماجھی لاڈ کی بہن اسکیم کے باعث ریاستی حکومت کی معیشت کو نقصان نہیں بلکہ فروغ ملیگا۔ وہ کل دھاراشیو ضلع کے پرانڈہ میں مکھیہ منتری ماجھی لاڈ کی بہن اسکیم کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم کے سلسلے میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرر ہے تھے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ملک میں ہورہی غیرملکی سرمایہ کاری میں سے 52 فیصد سرمایہ کاری مہاراشٹر میں آرہی ہے۔مہاوکاس آگھاڑی کے دور میں ریاست ملک میں سرمایہ کاری کی فہرست میں تیسرے نمبر پر پہنچ گئی تھی لیکن اب مہاراشٹر ملک میں سرفہرست ہے۔وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ عوام کی نیک خواہشات اور آشیرواد کے سبب مختلف میدانوں میں مہاراشٹر ملک بھر میں سرفہرست ہے۔انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ اگر خواتین ان کے ہاتھ مضبوط کرتی ہے تو اس رقم کو دوگنا کردیا جائے گا۔اور جلسہ گاہ میں موجود خواتین کو دیکھ کر یہ احساس ہوا ہے کہ انہوں نے جو فیصلہ کیا وہ قابل قدر اور درست ہے۔ایکناتھ شندے نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے تحت درخواست دہی کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے اور وعدہ کیا کہ ایک بھی بہن اس اسکیم سے محروم نہیں رہے گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے رابطہ وزیر تاناجی ساونت، رکن اسمبلی نیان راجے گوگولے، سابق رکن سوجیت سنگھ ٹھاکور، ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن او

مباسے،اور دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔ پروگرام میں شریک خواتین نے وزیر اعلیٰ کو راکھیاں بھی باندھی۔

***** **** *****

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ مہاراشٹر کے دورے کے سلسلے میں کل ممبئی پہنچے۔ ریاست کے 434 سرکاری تربیتی اداروں میں قائم کردہ سنویدھان مندر اور ناگپور میں رام دیو بابا یونیورسٹی میں ڈیجیٹل ٹاور کا نائب صدر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آئیگا۔

اسی دوران 12 تاریخ سے منائے جانے والے آئینی فیسٹیول آج اختتام پذیر ہوا۔ اس سلسلے میں ناندیڑ اور پربھنی سمیت مختلف مقامات پر سرکاری صنعتی تربیتی اداروں میں آئین پر مختلف پروگرام منعقد کئے گئے ہیں۔

***** **** *****

مرکزی حکومت کے پی ایم وشوکرما اسکیم سے ہنرمند افراد بڑے پیمانے پر مستفید ہوئے ہیں۔ اس اسکیم کے ایک سال مکمل ہونے کی مناسبت سے ایک پروگرام 20 ستمبر کو وردھا میں منعقد کیا گیا ہے۔ جس میں وزیر اعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر امراوتی میں پی ایم ٹیکسٹائیل پارک کا سنگ بنیاد ورچول طرز پر وزیر اعظم کے ہاتھوں عمل میں آئیگا۔ وزیر صنعت اودے سامنت نے کل مجوزہ جلسہ گاہ کا دورہ کرکے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

وزیر اعظم کے اس دورے کے دوران ریاست کے ایک ہزار کالجوں میں آچاریہ چانکیہ اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز قائم کیے جائیں گے۔ ان میں چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے 33 کالج بھی شامل ہے۔ ڈسٹرکٹ اسکل ڈیولپمنٹ، ایمپلائمنٹ اینڈ آنترپرونیورشپ گائیڈنس سینٹر کے معاون کمشنر سریش وردے نے یہ اطلاع دی۔

***** **** *****

مرکزی حکومت نے خوردنی تیل کی درآمد پر 20 فیصد ڈیوٹی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسٹیٹ ایگریکلچرل ویلیو کمیشن کے چیئرمین پاشا پٹیل نے اس فیصلے کے لئے مرکزی حکومت سے اظہار تشکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے باعث سویابین کے کاشتکاروں کو ان کی فصلوں کی زیادہ قیمت مل سکے گی۔ پاشا پٹیل نے ریفائنڈ، سویابین، سورج مکھی اور پام تیل پر درآمدی ڈیوٹی 12.5 فیصد سے بڑھا کر 32.5 فیصد کرنے کے فیصلے کا بھی خیر مقدم کیا۔

***** **** *****

پیاز پر کم از کم برآمدی قیمت کو ہٹانے اور برآمدی ڈیوٹی کو نصف کرنے کے فیصلے کے باعث ناسک ضلع کے ٹھوک بازار میں کل پیاز کی قیمت میں فی کوئنٹل 400 تا 500 روپئے کا اضافہ ہوا۔ لاسل گاؤں بازار میں عمدہ قسم کی پیاز کو اوسطاً 4 ہزار 600 روپئے تک کی قیمت ملی۔ یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

***** **** *****

حکومت کی جانب سے چلائی جارہی مختلف اسکیموں کی معلومات عوام تک پہنچانے کیلئے شروع کی گئی مکھیہ منتری یوجنا دوت مہم کا حصہ بننے

کیلئے دی گئی مدت میں 17 ستمبر تک توسیع کی گئی ہے۔خواہشمند امیدوار اس تاریخ تک ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو ڈاٹ مہایوجنا دوت ڈاٹ او آر جی ویب سائٹ پر اپنی درخواست ارسال کر سکتے ہیں۔

***** **** *****

انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا اِفّی کے تحت وزارت اطلاعات ونشریات نے بہترین ڈیبو انڈین فیسٹیول شعبہ قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس شعبے میں نوجوان فلمسازوں کے تخلیقی نظریات اور کہانی پیش کرنے کے انوکھے انداز پر مبنی زیادہ سے زیادہ پانچ فلمیں دکھائی جائیں گی۔اس کے علاوہ بہترین ڈیبو ہدایت کار ایوارڈ بھی دیا جائیگا۔گوا میں 20 تا 28 نومبر کے دوران 55 واں انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف انڈیا منعقد کیا جائیگا۔

***** **** *****

ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں بھارت نے پاکسان کو 1-2 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں اپنی فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔چین میں جاری اس چمپئن شپ میں کل کھیلے گئے سنسنی خیز مقابلے میں بھارت کے کپتان ہرمن پریت سنگھ نے ٹیم کے لئے دونوں گول اسکور کئے ۔ٹورنامنٹ میں سرفہرست بھارت کی ٹیم پہلے ہی سیمی فائنل میں داخل ہوچکی ہے۔کل 16 ستمبر کو سیمی فائنل کھیلے جائیں گے۔

***** **** *****

سابق مرکزی وزیرمملکت بھاگوت کراڑ نے کہاہے کہ پردھان منتری سوریہ گھر یوجنا، درجہ حرارت میں اضافے کو رکنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں گوپی ناتھ مونڈھے قومی دیہی ترقیاتی اور تحقیقاتی ادارے کی جانب سے منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ فطرت کے عدم توازن کے سبب مراٹھواڑہ مسلسل متاثر ہوتا رہاہے۔کراڑ نے امید ظاہر کی کہ یہ کانفرنس فطرت اور بنیادی ڈھانچے کے توازن کو برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔اس کانفرنس میں 60 سے زائد محققین شرکت کررہے ہیں۔

***** **** *****

بزرگ اداکار سچن پڑگاؤنکر نے اداکاروں کومشورہ دیاہے کہ وہ لسانی عبور کے حصول پر توجہ دیں۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں مہاتما گاندھی مشن کے آڈیٹوریم میں طلبا سے مخاطب تھے۔اداکارسپریا پڑگاؤنکر بھی اس موقع پر موجود تھیں۔طلباء کی جانب سے پوچھے گئے مختلف سوالوں کا بھی سچن اور سپریا نے جواب دیا۔سچن کے گیت کے ساتھ پروگرام کا اختتام عمل میں آیا۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں پیر یعنی 16 ستمبر کو عید میلا دالنبی کی تعطیل رکھی گئی ہے۔یہ تعطیل 16 یا 18 تاریخ کودیئے جانے کا فیصلہ مقامی سطح پر کرنے کا اختیار دیا گیا تھا۔کل ضلع کلکٹر اور تمام سب ڈویژنل افسران کے ایک اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔

***** **** *****

اسمبلی انتخابات 2024 کے سلسلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی نے اسمبلی حلقہ انتخاب کے من وانتظام کی صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔اس موقع پر محصول اور پولس افسران کو ہدایت کی کہ وہ مشترکہ طور پر صورتحال کا جائزہ لیکر رپورٹ پیش کریں۔

***** ***** *****

ناندیڑ پولس نے کل نئے ناندیڑ علاقے میں 2/افراد کے قبضے سے تین دیسی ساخت کے پستول اور 4 زندہ کارتوس ضبط کر لئے۔ اس کاروائی میں 64 ہزار روپئے مالیت کی اشیاء بھی ضبط کی گئی۔ اس سلسلے میں بلبیر سنگھ پرتاپ سنگھ اور شیخ عادل شیخ شکیل کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن یوجنا سے ریاستی حکومت کی معیشت مستحکم ہوگی۔

☆ پرانڈہ میں خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا دعویٰ۔

☆ ریاست کے 434 سرکاری تربیتی اداروں میں سنویدھان مندر کا آج نائب صدر جمہوریہ کے ہاتھوں افتتاح' ریاست کے ایک ہزار کالجوں میں ''آچاریہ چانکیہ اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز'' کا افتتاح وزیر اعظم کے ہاتھوں آئندہ جمعہ کو۔

☆ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا کے تحت وزارت اطلاعات ونشریات کی بہترین نو وارد ہندوستانی فلموں کے شعبے کا اعلان۔

اور ☆ ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں پاکستان کو شکست دے کر بھارت کی فتوحات کا سلسلہ جاری۔

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****